## سوال

(150)عالم برزخ کے کیا معنی ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عالم برزخ کے کیا معنی ہیں؟ اور کون سے مقام کو عالمِ برزخ کہا جاتا ہے؟ کیا نیک اور بد لوگوں کی روح عالم برزخ میں ہی جاتی ہے؟ (قاری مشتاق احمد، مدرس جامع تفہیم القرآن والحدیث ایبٹ آباد ہزارہ) (۲۹اگست ۱۹۹۷ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دو چیزوں کے درمیان جو چیز اٹکاؤ کی طرح ہو اس کو برزخ کہتے ہیں۔ انسان کا قبر میں رہنے کا زمانہ دنیا اور عقبیٰ کے مابین میں ایک اٹکاؤ کا زمانہ ہے۔ اس لیے اس کو برزخ کہا جاتا ہے۔ (تفسیر احسن التقاسیر:۳۲۳/۴) نیک و بد قیامت تک اسی کے اندر رہیں گے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:185

محدث فتویٰ